1989ء سے مسلسل اشاعت | 7 مئی تا 20 مئی 2021 | شمارہ نمبر 20-19 | جلد نمبر 33

MC - 547 Price Rs. 70/-

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

APP

IBM
ISO 9001: 2015 CERTIFED

QURAN PAPER
PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER Sinar Tech

SINARSPECTRA
COLOR CUBE

AQNA Brands

FOR BOOKING CONTACT IBM :

UAN: 111-IBM PAK Tel: +92-2132627061-63 Fax: +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com Web: ibmpakistan.com

IBM™

ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Product

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل

محمد سلیم بیکیا

چیئرمین





کی کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

BMG

بزنس مین گروپ

خامس سعید بٹ

گروپ لیڈر

APP

中華紙業

ZHONGHUA-PAPER

IBM™

ISO 9001:2008
CERTIFIED

# NINGBO GOLD

ISO 14064 · PEFC · China Environment Friendly Enterprise · ISO9001 · ISO14001

## Coated Packaging Board

# ANNOUNCEMENT

**We are going to Lounge the new brand Ningbo Gold very soon**

**Ningbo Gold is a premium coated packaging board with a triple coating on the top side, giving it an excellent smoothness and good printability.**

**Ningbo gold has high ink absorbency and super surface characteristics, which makes it ideal for all premium quality book covers, cards, shopping bags and a wide range pakaging application.**

FIRST ISO 9001:2008 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM
PAKISTAN




VERITAC

## SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT


Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com



Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

**indah kiat**
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS



IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER



SINAR SPECTRA
premium colour paper



spectra color
premium color paper

## PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA,
PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE,
PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

## CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



## QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER
*Sinar Tech*



## SINAR SPECTRA COLOR CUBE



## FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا
کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت: 70 روپے

# پیپر ٹریڈ دشمنوں کی اپیما کو ختم کرنے کی کوششوں کو ناکام بنادیا گیا ہے، محمد سلیم بیکیا

## نجم الرحمن اوران کے ٹولے نے اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کے لئے ڈی جی ٹی او آفس کے ایک سابق آفیسر کو استعمال کرکے اپیما کا لائسنس معطل کرانے کی کوشش کی

## عاصم اقبال 15 دن میں وضاحت کریں کہ کیا وہ بھی ایسوسی ایشن ختم کرانے کی کوششوں میں حصہ دار ہیں جس کے وہ صدر رہے ہیں یا نہیں تفصیل بتائے بغیر ان کا نام اور رقم استعمال کی جارہی ہے؟

کراچی (پیپر بزنس نیوز) چیئرمین بزنس مین پینل، سابق چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن محمد سلیم بیکیا نے لاہور ہائی کورٹ کی جانب سے ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن کے 15 اپریل 2021 کے اپیما کے لائسنس کو معطل کرنے کے فیصلے کو کالعدم قرار دیئے جانے پر اراکین پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کو مبارکباد پیش کی ہے اور اپیما دشمنوں کے اس ناپاک اقدام کی کوشش کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ پیپر بزنس کو جاری ایک بیان میں محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ ڈی جی ٹی او کے حکم کی معطلی اپیما کے اراکین کے لیے اطمینان کا باعث، 1200 ممبران کی کامیابی اور اپیما دشمنوں کے منہ پر طمانچہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور ہائی کورٹ کی معزز عدالت نے اپنے حکم میں مبینہ اس ڈی جی ٹی او کے حکم کو قانون کی نظر میں ناقابل معافی قرار دیا ہے اور ڈپٹی اٹارنی جنرل پاکستان سے دو ہفتوں میں جواب طلب کرلیا ہے۔ محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ جیسا کہ ہم پہلے ہی ممبران کو آگاہ کر چکے تھے کہ جعلی دستخطوں، اسکین دستخطوں اور جھوٹ پر مبنی شکایات ایک ناقابل اعتبار اور ناسمجھ وکیل کی معرفت ڈی جی ٹی او کے پاس جھوٹی شکایات داخل کی جارہی ہیں جس پر ڈائریکٹر نے بغیر اپیما کا موقف سنے غیر قانونی، غیر منطقی احکامات جاری کردیئے جن کا مقابلہ آئینی درخواستوں کے ذریعے کیا جارہا ہے اور الحمدللہ ہمیں عدالتوں سے انصاف مل رہا ہے یہی وجہ ہے کہ 15 دن میں ہی اپیما کے لائسنس کی معطلی کے غیر قانونی اور ''سونے کی چمک'' کے باعث دیئے احکامات برقرار نہیں رہ سکے ہیں۔ محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ ہمیں معلوم ہے کہ کس طرح ہمارے سینئر ممبران نے اپنے خون جگر سے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی بنیاد رکھی تھی اور اپیما آج ملک بھر کے 1200 پیپر مرچنٹس کا واحد نمائندہ ادارہ ہے۔ گزشتہ پچیس سالوں سے اپیما قانونی طور پر کام کررہی ہے اور اپنے اراکین کے مفادات کا وفاقی، صوبائی اور دیگر محکموں میں تحفظ کررہی ہے۔ یہ ادارہ سرکاری محکموں میں ہماری آواز، طاقت اور پہچان ہے۔ اراکین ایگزیکٹو کمیٹی اپیما رضا کارانہ طور پر اپنا وقت اور پیسہ خرچ کرتے ہیں تاکہ ادارہ کے وقار میں اضافہ ہوسکے۔ لیکن یہ مسخروں کی ٹولی اپنے ذاتی مفاد کے لیے ہمیں بلیک میل کررہے ہیں اور مطالبہ کررہے ہیں کہ وہ ان کی غیر قانونی سرگرمیوں اور کالے کرتوتوں کی کسٹم میں شکایات بند کردیں اور جب ہم ان کے اس دباؤ میں نہیں آئے تو انہوں نے پیچھے سے وار کرنا شروع کردیا اور اپنے کالے دھن اور غیر اخلاقی اقدامات کے ذریعے ڈی جی ٹی او آفس میں ''خصوصی تحائف'' کے عوض یہ احکامات حاصل کرنا شروع کردیئے۔ محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ گزشتہ چند سالوں سے یہ پیپر ٹریڈ دشمن عناصر بالخصوص خودساختہ چیئرمین انصاف بزنس پینل نجم الرحمن نے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کو ختم کرانے کی کوششیں شروع کررکھی ہیں تاکہ اپنے چاہنے والوں کو ناجائز فائدہ پہنچاسکیں۔ محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ نجم الرحمن کی ٹولی جو نااہل، نکمّے، ذاتی مفاد پرستوں پر مشتمل ہے، نے ایگزیکٹو کمیٹی پر اپیما کے فنڈ میں کروڑوں کی خورد برد کا الزام لگایا اور اپنی دولت کے بل بوتے پر ڈی جی ٹی او سے اپیما کے لائسنس کو منسوخ کرنے کا شرمناک حکم حاصل کیا اس کے ساتھ ہی انہوں نے ایف آئی اے کے ذریعے اس کی انکوائری کا مطالبہ کیا۔ محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ اس بے ہودہ حکم کو ڈی جی ٹی او سے حاصل کرنے میں نجم الرحمن کے علاوہ ایک مجرمانہ ذہنیت کی شخصیت ملوث ہے جو ڈی جی ٹی او



آفس کا سابق ملازم اور خود کو مبینہ طور پر ہائی کورٹ کا ایڈووکیٹ کہلاتا ہے وہ ڈی جی ٹی او میں اپنے اثر و رسوخ کے ذریعے یہ غیر ذمہ دارانہ اور غیر قانونی احکامات حاصل کر رہا ہے۔ یہ مبینہ وکیل کالے کوٹ کی آڑ میں بدعنوانی، غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث ہے اور پاکستان کے انصاف کے نظام پر ایک دھبہ ہے۔ محمد سلیم بیکیا چیئرمین بزنس مین پینل نے عاصم اقبال سے کہا کہ وہ اپنی پوزیشن کی وضاحت کریں کہ کیا وہ خود بھی اپیما کو توڑنے کی کوششوں میں شامل ہیں؟ کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ عاصم اقبال جس باوقار ادارے کے صدر رہے ہیں وہ اس کی جڑوں کو کاٹنے کا کام نہیں کرسکتے،

(باقی صفحہ ۷ پر)

## عیدالفطر کی تعطیلات، بینک 8 دن بند رہیں گے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پاکستان بھر کے بینکس اس ہفتے ملک کی تاریخ میں طویل ترین تعطیلات سے گزریں گے۔ کیونکہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے 10 تا 15 مئی۔ پیر تا ہفتہ تعطیلات کا اعلان کیا ہے جبکہ 8 اور 9 مئی ہفتہ اور اتوار کو ہفتہ واری تعطیلات ہیں۔ تاہم اسٹیٹ بینک نے ہفتہ 8 مئی کو خصوصی احکامات کے تحت تمام بینکوں کو پبلک ڈیلنگ کے لیے کھولنے کا فیصلہ کیا ہے جو صبح 9 تا 2 بجے تک بینکاری کی خدمات فراہم کریں گے۔ اس طرح 16 مئی کو بھی اتوار ہے۔ یوں بینک 9 مئی سے مسلسل 8 دن بند رہیں گے۔ تاجروں نے ان طویل چھٹیوں پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔

## ضروری اعلان

رمضان المبارک میں اوقات کار کی کمی اور عیدالفطر کی تعطیلات کے باعث ہر سال کی طرح امسال بھی ہفت روزہ پیپر بزنس کا شمارہ ایک ہفتہ کے وقفہ کے بعد انشاءاللہ 21 مئی 2021ء کو شائع ہوگا۔ مشتہرین اور قارئین کرام نوٹ فرمائیں۔ (ادارہ)



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# پرنٹنگ انڈسٹری کے خام مال پیپر و پیپر بورڈ پر کسٹم ڈیوٹی پانچ فیصد تک کی جائے، محمد انیس

## پیپر پر 63 فیصد اور تیار پرنٹڈ اشیا پر 3 فیصد کسٹم ڈیوٹی و ٹیکسز سے کتابیں اور پیکجنگ میٹریل دیگر ممالک سے درآمد ہو رہا ہے۔ مشیر تجارت رزاق داؤد کے نام آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کا خط

کراچی (پیپر بزنس نیوز) سینئر وائس چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن محمد انیس نے 29 اپریل 2021 کو وزیر اعظم کے مشیر برائے تجارت، ٹیکسٹائل، صنعت و سرمایہ کاری عبدالرزاق داؤد کی توجہ ان سے 8 ستمبر 2020 کو فیڈریشن کے صدر کی موجودگی میں ہونے والی ملاقات میں ہونے والی گفتگو کی طرف توجہ مبذول کرائی ہے جس میں رزاق داؤد نے اس بات سے اتفاق کیا تھا کہ وہ پرنٹنگ انڈسٹری سے متعلق ٹیرف میں پائے جانے والے تضادات پر نظر ثانی کے لیے وفاقی حکومت سے درخواست کریں گے اور اس کو ختم کروایا جائے گا۔ محمد انیس نے اپنے خط میں کہا ہے کہ پیپر ایچ ایس کوڈ 4802 اور 4810 پر خام مال ہونے کے باوجود 27 فیصد کسٹم ڈیوٹی وصول کی جارہی ہے جبکہ اسی آئٹم سے تیارشدہ پرنٹڈ میٹریل ڈیوٹی فری درآمد ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سب بدقسمتی سے عوامی مفاد میں نہیں کیا جارہا ہے بلکہ اس کے پیچھے ایک ذاتی مفاد پرست ٹولہ ہے جو حکومت کی پالیسی میکنگ پر قابض ہے۔ محمد انیس نے اپنے خط میں کہا کہ طویل عرصہ سے پائے جانے کے ان تضادات کے باعث پرنٹڈ میٹریل



(کتابیں، کیٹلاگ، پیکنگ میٹریل، ادبی مواد وغیرہ) صرف تین فیصد کسٹم ڈیوٹی پر بھرپور درآمد ہو رہے ہیں جبکہ پیپر و پیپر بورڈ جو کہ پرنٹنگ اور پیکجنگ انڈسٹری بطور خام مال درآمد کرتی ہے اس سے کسٹم ڈیوٹی کی زیادہ شرح 27 فیصد وصول کی جارہی ہے جس سے مقامی پرنٹنگ و پیکجنگ انڈسٹری بری طرح متاثر ہو رہی ہے محمد انیس نے اپنے خط میں مزید کہا کہ پیپر پر یہ اضافی درآمدی ٹیکسز عائد ہیں جبکہ بنیادی خام مال ووڈ پلپ ایچ ایس کوڈ 47 ڈیوٹی فری اور تیار اشیا پرنٹنگ بکس، ادبی مواد، ایچ ایس کوڈ 49 پر 3 فیصد کسٹم ڈیوٹی عائد ہے اور سیمی فنشڈ گڈز پیپر و پیپر بورڈ ایس ایس کوڈ 48 پر مجموعی طور پر 63 فیصد کی ڈیوٹی و ٹیکسز عائد ہیں۔ محمد انیس نے کہا کہ یہ غیر متوازن ٹیرف کا دیگر علاقائی ممالک سے موازنہ کریں تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ انہوں نے اپنی پرنٹنگ انڈسٹری کو ترقی کے برابر مواقع فراہم کئے ہیں جبکہ ہمارے پرنٹرز یہ کتابیں ان سے درآمد کرنے پر مجبور ہیں بجائے اس کے کہ ڈیوٹی فری خام مال درآمد کر کے یہاں ویلیو ایڈیشن کرتے، انہوں نے بتایا کہ پرنٹڈ مواد جو ہمارے اسکولوں اور کالجز میں فراہم کیا جاتا ہے وہ ملائیشیا، سنگاپور، یو اے ای، اور چائنا سے درآمد کیا جارہا ہے جو پہلے یہاں پرنٹ ہوتا تھا۔ محمد انیس نے کہا کہ خام مال پیپر پر زیادہ ڈیوٹی کی شرح ہمیں ڈیوٹی فری تیار اشیا کی درآمد پر مجبور کر رہی ہے جو کہ ہماری بیرونی تجارت کی پالیسی کے اصولوں کے منافی ہے۔ اس صورت حال میں ہماری ٹریڈ کس طرح ترقی کر سکتی ہے۔ محمد انیس نے مزید کہا کہ اس وقت یہ وقت کی اہم ضرورت ہے کہ حکومت اپنی ٹیرف پالیسی کو حقیقی بنانے کے لیے فوری اقدام کرے اس تضاد کے دور ہونے سے ہم نو سو ارب کی بین الاقوامی پرنٹنگ انڈسٹری کی برآمدات میں اپنا حصہ ڈال سکتے ہیں اور اس سے نہ صرف روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے بلکہ ہماری پرنٹنگ کی صنعت برآمد کے بھی قابل ہو جائے گی۔ انہوں نے تجویز پیش کی کہ جو پیپر پاکستان میں پیدا ہوتا ہے اس پر کسٹم ڈیوٹی کی شرح دس فیصد اور جو یہاں پیدا نہیں ہوتا اس پر پانچ فیصد کسٹم ڈیوٹی عائد کی جائے۔ محمد انیس نے اس صورت حال سے محمد اشفاق جوائنٹ سیکریٹری ٹیرف پالیسی وزارت تجارت اور افتخار علی ملک چیف ٹیرف ایف بی آر کو بھی آگاہ کیا ہے اور ان تضادات کو دور کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

# مخالفین کو ایک بار پھر ذلت آمیز ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔ خامس سعید

## ذاتی مفادات اور دیہاڑیوں کے چکر میں اپیما کے وجود کو ختم کرنے کی کوشش کی گئی تھی، بیان

لاہور (پیپر بزنس نیوز) چیئرمین بزنس مین گروپ لاہور خامس سعید بٹ نے ایک پیغام میں لاہور ہائی کورٹ کی جانب سے ڈی جی ٹی او کے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے لائسنس کو معطل کرنے کے حکم کو معطل کرنے پر مسرت کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اپیما مخالفین کی ایک اور منافقانہ چال بری طرح ناکام ہوئی ہے۔ پہلے کئی سال تک نام نہاد انجمن تاجران کے پلیٹ فارم سے اور اب ڈی جی ٹی او آفس کی سرپرستی میں جاری اپیما کے وجود اور معزز ممبران کے خلاف گھناؤنی سازش کو ایک مرتبہ پھر ذلت آمیز ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔ معزز عدالت عالیہ لاہور نے ڈی جی ٹی او کے اپیما کے خلاف فیصلے کو 30 اپریل کو ایک حکم کے ذریعے معطل کر دیا



اور اپیما کی سرگرمیاں دوبارہ بحال ہوگئیں۔ خامس سعید بٹ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ تمام ممبران اور ان کے اہل خانہ کو کرونا وباء سے محفوظ رکھے اس کے ساتھ ساتھ اپیما اور معزز ممبران اپیما کو بھی اس کرونا ٹولے سے محفوظ رکھے جو صرف ذاتی مفادات اور دیہاڑیوں کے چکر میں اپیما کے وجود کو ختم کرنے کے درپے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپکا حامی و ناصر رہے۔



لاہور: انارکلی تھانے میں نئے تعینات ہونے والی ایس ایچ او شیخ ایم احمد نے 27 اپریل 2021 کو اپیما نادرن زون آفس کا دورہ کیا، اس موقع پر لیڈر بزنس مین گروپ خامس سعید بٹ، باؤ محمد بشیر و دیگر بھی موجود ہیں۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111


# لاہور ہائی کورٹ نے اپیما کے لائسنس کی معطلی کا حکم منسوخ کر دیا

## 15 اپریل کو انصاف بزنس پینل کے چیئرمین نجم الرحمن کی درخواستوں پر ڈی جی ٹی او نے عبوری طور پر اپیما کا لائسنس معطل کر دیا تھا جس میں ایڈمنسٹریٹر کے تقرر پر غور بھی شامل تھا

اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) لاہور ہائی کورٹ نے 30 اپریل کو 2021 کو اپنے ایک حکم کے ذریعے ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشنز اسلام آباد کو 15 اپریل 2021 کا حکم نمبر 06/2021 معطل کرتے ہوئے اس کالعدم قرار دے دیا۔ سینئر وائس چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن محمد انیس کے جاری کردہ ایک پیغام کے مطابق عدالت عالیہ لاہور نے یہ حکم ایسوسی ایشن کی جانب سے دائر کی گئی پٹیشن کے جواب میں جاری کیا ہے جو ڈی جی ٹی او کی جانب سے 15 اپریل 2021 کو آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کا لائسنس معطل کرنے کے فیصلے کے خلاف دائر کی گئی تھی۔ قبل ازیں انصاف بزنس پینل کے چیئرمین نجم الرحمن اور دیگر کی جانب سے اسلام آباد ہائی کورٹ میں دائر پٹیشن پر عدالتی احکامات پر ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن نے درخواست دہندہ انصاف بزنس پینل کے چیئرمین نجم الرحمن کی شکایت پر 14 اپریل 2021 کو سماعت کے بعد 15 اپریل کو اپنا حکم جاری کرتے ہوئے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کا لائسنس عبوری طور پر معطل کر دیا تھا۔ ڈی جی ٹی او نے اپنے حکم میں کہا تھا کہ جب تک آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے خلاف ملک کی مختلف عدالتوں میں ریگولیٹر ٹریڈ آرگنائزیشن یا کسی بھی اپیلٹ فورم میں زیر التوا قانونی معاملات نمٹ نہیں جاتے، یہ لائسنس معطل رہے گا۔ اس کے علاوہ ڈی جی ٹی او نے اپنے حکم میں مزید کہا تھا کہ ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ 2013 کی دفعہ (C)(6)16 کے تحت ایک کمیٹی قائم کی جائے گی جو اپیما کے معاملات کی تحقیقات کرے گی اور وفاقی حکومت کو سفارشات بھیجے گی کہ اگر ضرورت ہو تو ایڈمنسٹریٹر تعینات کر دیا جائے۔ اپنے حکم میں ڈی جی ٹی او نے مزید کہا تھا کہ ایسوسی ایشن نمائندگی کے حق سے محروم ہو گئی ہے اور اسے بطور ایسوسی ایشن کام کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں ہے جب تک ریگولیٹر اس بات سے مطمئن ہو جائے کہ ایسوسی ایشن اب متعلقہ ٹریڈ آرگنائزیشن قوانین کے تحت کام کرنے کی پوزیشن میں آ گئی ہے۔ سماعت کے موقع پر نجم الرحمن کی جانب سے رضوان شبیر کیانی ایڈووکیٹ اور ہاشم رضا جبکہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی جانب سے فواد خان ایڈووکیٹ اور سیکریٹری جنرل محمد بلال خان پیش ہوئے تھے واضح رہے کہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے 1993-94 میں پہلا لائسنس حاصل کیا تھا اور 28 سال بعد اسے لائسنس کی معطلی کا سامنا کرنا پڑا ہے اس طرح 15 اپریل 2021 اپیما کی تاریخ کا سیاہ ترین دن تھا۔ اس صورت حال کی ابتدا 14-2013 میں احمد رضا کی جانب سے لاہور کے اراکین کی ممبر شپ کو چیلنج کرنے کے حوالے سے دائر کی گئی درخواست سے ہوئی تھی تاہم اس وقت کے سیکریٹری جنرل نے ان درخواستوں پر ایسوسی ایشن کے حق میں فیصلے حاصل کر لیے تھے جو ریکارڈ کا حصہ ہیں۔ اس صورت حال کو ایک بار پھر انصاف بزنس پینل کے قیام کے ساتھ ہی بڑی شد و مد سے 2018 میں دوبارہ اٹھایا گیا اور 2019 کے انتخابات کے لیے جاری کردہ ووٹرز لسٹ پر خامس سعید بٹ سمیت درجنوں ممبران کی ممبر شپ چیلنج کی گئی اور اسے ڈی جی ٹی او نے قبول کرتے ہوئے خامس سعید بٹ سمیت ان اراکین کی رکنیت ختم کر کے انتخابات کا حکم دیا تھا جس کو خامس سعید بٹ اور آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کر کے ریلیف حاصل کیا جس پر انصاف بزنس پینل نے ممبر شپ کے فیصلے نہ ہونے تک انتخابات کے التوا کی درخواست کی جس پر لاہور ہائی کورٹ نے 2019 کے انتخابات کو التوا میں ڈالنے کا حکم دیا جو آج تک برقرار ہے۔ اسی دوران انصاف بزنس پینل نے ڈائریکٹر ٹریڈ آرگنائزیشن کو اپیما میں متعدد خامیوں کے حوالے سے درخواستیں دائر کیں جس پر سیکریٹری جنرل پر پچاس ہزار روپے جرمانہ بھی عائد ہوا اسے بھی عدالت میں چیلنج کیا جا چکا ہے۔ اس وقت درجنوں درخواستیں ڈی جی ٹی او کے پاس التوا میں پڑی تھیں جس پر نجم الرحمن اور دیگر نے اسلام آباد ہائی کورٹ سے رجوع کر کے ڈی جی ٹی او کو پابند کرایا کہ وہ ایک ماہ میں ان کیسز کی سماعت کر کے فیصلے کریں گے۔ اس سلسلے میں ڈی جی ٹی او نے پہلے 12 اپریل کی تاریخ مقرر کی تھی اس کے بعد دوبارہ اس میں 14 اپریل کی توسیع کر دی تھی اور 14 اپریل کی سماعت کے بعد 15 اپریل کو یہ فیصلہ جاری کیا گیا اور اپیما کا لائسنس تمام اپیلوں، مقدمات کے فیصلے تک معطل کر دیا گیا تھا۔ مزید برآں انصاف بزنس پینل کی درخواستوں پر ڈی جی ٹی او نے جتنے بھی احکامات جاری کئے ہیں جس میں ایسوسی ایشن کا نام استعمال کرنے سے روکنا، سیکریٹری جنرل پر جرمانے اور دیگر شامل ہیں تمام کے تمام کے خلاف چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا کی رہنمائی میں مختلف عدالتوں سے ریلیف حاصل کیا گیا ہے اور تمام احکامات معطل یا کالعدم قرار دیئے جا چکے ہیں اور اب یہ تازہ ترین حکم میں بھی کالعدم قرار دے دیا ہے۔



قدرت اللہ اینڈ کمپنی کے ملک قدرت اللہ چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو عاصم احمد کو قرآن مجید کا تحفہ دے رہے ہیں



میسرز سعید برادرز پشاور (سابقہ حبیب برادرز) کے مالک حاجی سعید مرحوم 12 اپریل 2021 کو وفات پا گئے تھے وہ نوید السعید، بلال سعید اور قاسم سعید (میسرز بلال نوید اینڈ کو) کے والد تھے۔
مرحوم حاجی سعید کی ایک فائل فوٹو

### بقیہ: محمد سلیم بیکیا

ہمارا غالب گمان یہ ہے کہ یہ تمام کام پیپر ٹریڈ سے دشمنی اور ان کے نادان وکلاء انہیں اندھیرے میں رکھ کر کر رہے ہیں جنہیں حقائق کا علم نہیں ہے۔ لہذا میری عاصم اقبال سے درخواست ہے کہ 15 دن کے اندر بذریعہ پیغام، ٹیلی فون یا تحریری طور پر اپنے کردار کی وضاحت کر دیں کہ ان کا اپیما کو نقصان پہچانے والی کوششوں سے کوئی تعلق نہیں ہے تا کہ ان کا شمار پیپر ٹریڈ کے دشمنوں میں نہ ہو اور یہ جو کچھ ہو رہا ہے اس کا انہیں علم نہیں ہے۔ انہوں نے انصاف بزنس پینل کے چیئرمین اور ان کی ساڑھے چار کی ٹولی کو خبردار کیا ہے کہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن جیسے باوقار ادارے کو ہدف بنانے سے باز رہیں کیونکہ خریدے گئے انصاف کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہوتی ہے اور آپ کا یہ خریدا ہوا فیصلہ آج آپ کے ماتھے پر کلنک کا ٹیکہ بن گیا ہے۔ انہوں نے عاصم اقبال سے کہا کہ وہ اپنے دماغ سے اپنے کردار اور عمل کا جائزہ لیں کہ کیا وہ خود ادارے کو ختم کرنے کے براہ راست ذمہ داری قبول کریں گے یا چند مفاد پرست عناصر آپ کی معصومیت سے آپ کے نام اور رقم کا ناجائز استعمال کر رہے ہیں۔ انہوں نے عاصم اقبال سے مزید کہا کہ وہ اپنے مبینہ ناسمجھ وکیل کے کردار کا بھی جائزہ لیں جو آپ کو اندھیرے میں رکھتے ہوئے احمقانہ فیصلے حاصل کر کے آپ کی بدنامی کا باعث بن رہا ہے۔ محمد سلیم بیکیا نے مزید کہا کہ نجم الرحمن نے اپیما جیسے خدمت کے ادارے کو ہدف بنایا ہے جو ناقابل معافی جرم ہے اور جلد یا بدیر اس گھناؤنے جرم کا خمیازہ انہیں بھگتنا پڑے گا۔



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking **IBM: 111-426-725**

ANM

# A N M TRADING CO

Importer : Paper & Paper Board

## Deals in:

OFFSET PRINTING
PAPER I.P.M BRAND

Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)

COATED ART PAPER & ART CARD

1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# PAPERLINE

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

## HI - GRADE PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80 GSM




Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

IBM™

ISO 9001.2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725


pindo deli
paper producs
Impressions
PINDO2000
IBM
TM
ISO 9001:2015
CERTIFIED
CAUSE
WE KNOW
HOW TO
IMPRESS
5% PERCENT
CUSTOM DUTY
BENEFITS AS PER
PTA CERTIFICATE
CARBONLESS PAPER
NCR, CFB ,CB ,CF ,SC
Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user
For booking please contact
FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT
Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK I Tel: +92-21-32627061-63 I Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk I saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com
Brands of the year Award
ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award
ITS ALL ABOUT CHAMPION
2011-2012

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# کراچی: شہر میں مزید نئی مارکیٹوں کا قیام عمل میں لایا جائے گا، ایڈمنسٹریٹر

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایڈمنسٹریٹر کراچی لئیق احمد نے کہا ہے کہ شہر میں مزید نئی مارکیٹوں کا قیام عمل میں لایا جائے گا، کے ایم سی کی تمام مارکیٹوں اور دکانوں کے ریکارڈ کو مکمل طور پر کمپیوٹرائزڈ کردیا گیا ہے تاکہ تمام معاملات کو شفاف بنایا جائے اور پراپرٹی کے ریکارڈ میں کسی قسم کا ردوبدل ممکن نہ ہوسکے، پرائم لوکیشن پر موجود کے ایم سی کی مارکیٹوں کے بہتر استعمال کے لئے انہیں ری ڈیزائن اور ری اسٹرکچر کرنے کی تجاویز زیر غور ہیں، سپریم کورٹ کے احکامات پر جن دکانوں کو منہدم کیا جانا ہے ان کے لئے پہلے سے متبادل جگہیں دینے کی کوشش کی جارہی ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ اسٹیٹ کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر سینئر ڈائریکٹر کو آرڈینیشن خالد خان، سینئر ڈائریکٹر اسٹیٹ امتیاز ابڑو، ڈائریکٹر لینڈ طارق صدیقی اور محکمہ اسٹیٹ سے متعلق دیگر افسران بھی موجود تھے، ایڈمنسٹریٹر نے کہا کہ ریکارڈ کے مطابق اس وقت کے ایم سی کی کل 53 فعال مارکیٹس ہیں جن میں 6995 دکانیں ہیں ان کے علاوہ سپریم کورٹ کے احکامات پر جن 8 مارکیٹس کو مسمار کیا جانا ہے ان میں 1279 دکانیں ہیں۔

## وفاقی بجٹ جون کے دوسرے ہفتے میں پیش کیا جائیگا

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) آئندہ مالی سال 22-2021 کا وفاقی بجٹ جون کے دوسرے ہفتے میں پیش کیا جائیگا، وزارت خزانہ نے بجٹ اسٹریٹجی پیپر پر نظرثانی کا فیصلہ کیا گیا ہے، سیکریٹری خزانہ کامران علی افضل نے پارلیمنٹ میں غیر رسمی گفتگو میں بتایا کہ بجٹ اسٹریٹجی پیپر پر پارلیمنٹیرینز، خزانہ کمیٹی کے ارکان سے مشاورت کی جائیگی اور ان کی تجاویز اور سفارشات کو بجٹ سٹریٹجی کا حصہ بنایا جائیگا، انہوں نے کہا کہ اس وقت پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر بہت اچھے ہیں اور امکان نہیں ہے کہ آئی ایم ایف سے خصوصی امداد کی درخواست کی جائیگی بجٹ اسٹریٹجی پیپر سے متعلق انہوں نے کہا کہ عام طور پر بجٹ سٹریٹیجی پیپر وسط مئی میں مرتب ہوتا ہے۔

## نہر سوئز میں پھنسے جہاز کے مالک کا کنٹینرز مالکان سے نقصان میں شراکت کا مطالبہ

قاہرہ (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) نہر سوئز میں ایک ہفتہ تک پھنسے رہنے والے جاپانی بحری جہاز کے مالک نے جہاز پر لدے کنٹیرز کے مالکان سے نقصان میں شامل ہونے کا کہا ہے۔مصری حکام نے جہاز کے مالک سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ سمندری تجارت رکنے سے ہونے والا مالی نقصان پورا کرے۔شوئی کسن کائشا لمیٹڈ نے کہا ہے کہ اس نے کنٹینرز مالکان سے کہا ہے کہ وہ عمومی اوسط معاہدے میں ہرجانے میں حصہ ڈالیں۔



آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن ناردرن زون نے 29 اپریل 2021 کو ایریا ٹریفک پولیس کو فیس ماسک بطور ڈونیشن پیش کئے، اس موقع پر منیر بٹ ڈی ایس پی ٹریفک بھی موجود تھے۔

## عید تعطیلات کو تین دن تک محدود رکھا جائے، وفاقی چیمبر

کراچی (بزنس ڈیسک) وفاقی چیمبر نے این سی او سی کے ذریعے بزنس، صنعتی اور تجارتی برادری سے مشورہ کیے بغیر عیدالفطر کی تعطیلات کے اعلان اور ایس او پیز پر اپنی خفگی کا اظہار کیا ہے۔صدر میاں ناصر حیات مگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ عیدالفطر کے موقع پر صنعتوں اور بازاروں کو صرف 3 دن کیلئے بند کیا جائے، بصورت دیگر پہلے سے ہی شدید مشکلات کا شکار کاروبار کو ناقابل تلافی نقصان ہوگا اور ٹیکس وصولی میں کمی معاشی سرگرمی کو مزید سست کردے گی۔صدر فیڈریشن نے کہا کہ عیدالفطر کے دوران بندرگاہیں، کسٹم اور ضروری بینکنگ خدمات 3 دن کیلئے بھی بند نہیں ہونی چاہئیں کیونکہ برآمدات پاکستان کی بقا کیلئے اتنی ہی ضروری ہیں جتنا کہ ہوائی اڈے اور اسپتال، عید کے دوران بندرگاہوں کی ایک دن کی بندش بھی برآمد کنندگان کیلئے موجودہ مسائل اور بیک لاگ میں اضافہ کرے گی اور مقررہ وقت پر ایکسپورٹ نہ ہونے کی وجہ سے مالی نقصان اور ری پیوٹیشن کے فقدان کا باعث بنے گی۔

## انتقال پر ملال

لاہور (پیپر بزنس نیوز) فیصل پیپر مارٹ والے خواجہ عمران، خواجہ مدثر اور خواجہ فیصل کی والدہ گذشتہ دنوں انتقال کرگئیں۔


# FAIR TRADE (Pvt) Limited

A Trusted & Reliable Name For Genuine Trading in Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
| --- | --- |
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bullehshah (Packages) | Bleached Board |
| Crown (Fazal Paper) | Duplex Board |

4, Mohammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi. Phones: 021-3262 5600 - 3262 5633

Whatsapp: 0334-0209809 | Fax: (92-21) 32621614 | Email: fairtrade1961@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# سندھ حکومت کا بجٹ کی تیاری میں عوامی شراکت کا فیصلہ

کراچی (بزنس ڈیسک) سندھ حکومت نے بجٹ تیاری میں عوام کی شراکت کا فیصلہ کیا ہے۔ سندھ میں پہلی بار عوام کے پیسے سے عوامی بجٹ کی تیاری کی جارہی ہے، اور تاریخ میں پہلی مرتبہ سندھ حکومت نے بجٹ کی تیاری میں عوام کی شراکت کا فیصلہ کیا ہے، شہریوں کی تجاویز پر سندھ میں مالی سال 2021-22 کے بجٹ میں آراء کو شامل کیا جائے گا۔ اس حوالے سے شہریوں سے تجاویز کے لئے سندھ حکومت نے پرفارما تیار کیا ہے اور فارم محکمہ خزانہ کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کردیا گیا ہے۔ صوبائی محکمہ خزانہ نے شہریوں سے بجٹ سازی پر جو تجاویز طلب کی ہیں، ان میں آئندہ مالی سال کے بجٹ کے لئے ترجیحی شعبوں و محصولات کے بارے میں تجاویز مانگی گئی ہیں، سب سے زیادہ بجٹ مختص کرنے کے لئے دس شعبوں میں شہریوں سے رائے مانگی گئی ہیں۔ سندھ حکومت نے شہریوں سے ’سرکاری تعلیمی اداروں کا معیار بڑھانے کے لئے اساتذہ کی تعداد بڑھانے، درسگاہوں میں بنیادی ضروریات کی فراہمی، امن و امان کی صورتحال کی بہتری، صحت عامہ اور دیہی ترقی سے متعلق اور ٹیکس وصولیوں کے لئے موبائل ایپلیکیشن، ویب پورٹل میں سے کون سے طریقہ اپنایا جائے‘ پر تجاویز طلب کی ہیں۔

## انکم اور سیلز ٹیکس کے ریٹس میں فرق ٹیکس بڑھانے میں رکاوٹ ہے، لاہور ٹیکس بار

لاہور (نیوز ڈیسک) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ پاکستان میں ٹیکس نظام کے فروغ میں انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس کے ریٹس میں فرق ہے، ملک بھر میں ٹیکسوں کے مختلف ریٹس انسانی بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے، ٹیکسوں کی شرح اتنی زیادہ ہے کہ لوگ اپنے اثاثے چھپائے ہوئے ہیں، اگر حکومت کم شرح ٹیکس کی پیشکش اور لوگوں سے 5 یا 10 سالوں کی ریٹرنز لیکر ان کے اثاثے وائٹ کر دیئے جائیں اور ان کو یقین دلایا جائے کہ 10 سال تک کوئی پوچھ گچھ نہیں ہوگی تو لوگ اپنے اثاثے ظاہر کرنے میں دیر نہیں لگائیں گے۔ ایسوسی ایشن کے صدر جمیل اختر بیگ، نائب صدر حسیب اللہ خان اور جنرل سیکرٹری عرفان حیدر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ جب پیسہ مارکیٹ میں آئے گا تو کاروبار چلیں گے اور کاروباری سرگرمیاں فروغ پائیں گی جس سے ملک میں بیروزگاری میں کمی واقع ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بار بار ایمنسٹی لاتی ہے اس کے باوجود لوگ ایمنسٹی سے استفادہ نہیں کرتے کیونکہ پاکستان میں جتنی بھی ایمنسٹی آئی ہیں صرف خاص طبقوں کو نوازنے کیلئے آئی ہیں اور موجودہ ٹیکس پیئرز کو ہمیشہ نظر انداز کیا گیا ہے جس سے ان کا حکومت اور ادارے سے اعتماد اٹھتا جا رہا ہے۔ وزیراعظم کی ڈویلپرز کیلئے دی گئی ایمنسٹی قدرے بہتر ہے لیکن اس کی کامیابی میں ٹائم لمٹ اور بے جا شرائط رکاوٹ پیدا کر رہی ہیں۔

## 8 مئی کو تمام بینک اور مالیاتی ادارے کھلے رہیں گے

کراچی (نیوز ڈیسک) اسٹیٹ بینک نے 8 مئی بروز ہفتہ تمام بینک اور مالیاتی ادارے کھلے رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ مرکزی بینک کے مطابق 8 مئی کو صبح 9 تا دوپہر 2 بجے تک تمام بینکس اور مالیاتی ادارے کھلے رہیں گے۔ اسٹیٹ بینک کا کہنا ہے کہ یہ فیصلہ عوام کی سہولت کے لیے کیا گیا ہے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق 10 تا 15 مئی عیدالفطر کی چھٹیاں ہیں۔

## عیدالفطر کی تعطیلات 10 تا 15 مئی، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ملک میں عیدالفطر کی تعطیلات 10 مئی سے 15 مئی تک ہوں گی جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ وزیر اعظم عمران خان نے 10 سے 15 مئی تک عیدالفطر کی چھٹیوں کی منظوری دی۔ بعدازاں وزارت داخلہ کی جانب سے عیدالفطر کی چھٹیوں کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔


توجہ فرمائیے

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

0308-2933229


## وفاقی چیمبر کی مشاورت سے بجٹ تشکیل دینے کی یقین دہانی

کراچی (بزنس ڈیسک) وزیرخزانہ شوکت ترین نے یقین دہانی کرائی ہے کہ ایف پی سی سی آئی کی مشاورت کے بعد ہی بجٹ کو حتمی شکل دی جائے گی۔ وفاقی چیمبر کے صدر میاں ناصر حیات مگوں کے مطابق 2 مئی کو ملاقات کے دوران وزیر اعظم کی اقتصادی ٹیم کے نئے سربراہ وفاقی وزیرخزانہ شوکت ترین سے ملاقات میں انہیں پاکستان کی کاروباری، صنعتی اور تجارتی برادری کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا گیا تھا، اس موقع پر متعدد وجوہات کی نشاندہی کی گئی جن کی وجہ سے معیشت مسائل کا شکار ہے، ملاقات کے دوران وزیرخزانہ نے تسلیم کیا کہ بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے اور کاروباری برادری سے مشاورت کے ساتھ بنیادی اور پائیدار تبدیلیوں کی ضرورت ہے۔ وزیرخزانہ نے ایف پی سی سی آئی کی جانب سے ”تیز رفتار شرح نمو اور ٹیکس محصولات میں اضافہ کیلئے کم ٹیکس“ کے بارے میں ایف پی سی سی آئی کی طرف سے بھیجی گئی پیشکش کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس پر مناسب غور کرنے کی ضرورت ہے۔ میاں ناصر حیات مگوں نے تجارت کو آسان بنانے اور برآمدات کی مسابقت کو بہتر بنانے کے لئے تشکیل دیے جانے والے تمام بورڈز اور کونسلوں میں ایف پی سی سی آئی کی نامزدگیوں کو مناسب نمائندگی دینے کی ضرورت پر تبادلہ خیال کیا۔

### پرائز بانڈ کالا دھن سفید کرنیکا آسان ذریعہ ہے، ڈاکٹر شاہد

لاہور (نیوز ڈیسک) ماہر معیشت ڈاکٹر شاہد حسن صدیقی نے کہا ہے کہ پرائز بانڈز کالے دھن کو سفید کرنے کا سب سے آسان ذریعہ ہے جس پر پابندی لگنی چاہیے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ان بانڈز پر ہونے والی سرمایہ کاری میسر نہ آنے سے کوئی خاص فرق نہیں پڑے گا کیونکہ حکومت اب کمرشل بینکوں سے بہت زیادہ پیسہ اٹھا رہی ہے، انہوں نے کہا کہ حکومت کو ڈالر اکاؤنٹ پر بھی پابندی لگا دینی چاہیے تاکہ لوگ ڈالر اپنے پاس نہ رکھ سکیں۔

## انکم ٹیکس گوشوارے داخل کرانیوالوں کی تعداد 29 لاکھ ہوگئی

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ٹیکس وصولی میں 53 فیصد اضافہ، 195 ارب کے ریفنڈز جاری کیے، ایف بی آر کیم مئی 2021 تک انکم ٹیکس گوشوارے داخل کرانے والوں کی تعداد 29 لاکھ ہو چکی ہے۔ ایف بی آر کے مطابق ٹیکس گوشوارے داخل کرنے والوں کی تعداد میں 12 فیصد اضافہ ہوا اور رواں سال ٹیکس وصولی میں 53 فیصد اضافہ ہوا۔ ایف بی آر کے مطابق رواں مالی سال کے دوران اب تک 195 ارب روپے کے ریفنڈز جاری کیے جاچکے ہیں جب کہ رواں مالی سال کے 10 ماہ میں 3 ہزار 780 ارب روپے کا خالص منافع حاصل کیا جاچکا ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# اسٹیٹ بینک نے عیدالفطر پر نئے نوٹ جاری کرنے سے انکار کردیا

کراچی (نیوز ڈیسک) پاکستان میں کورونا وائرس بے قابو، وباء نے عید کی خوشیاں نگل لیں، اسٹیٹ بینک نے ملک میں کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے عیدالفطر پر نئے نوٹ جاری کرنے سے انکار کردیا۔اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا کہنا ہے کہ ملک میں وباء کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے امسال بھی عیدالفطر پر نئے نوٹ نہ جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔واضح رہے کہ پاکستان میں کورونا وائرس کے کیسز میں تشویشناک حد تک اضافہ دیکھنے میں آیا ہے اور حکومت کی جانب سے بار بار تنبیہ کی جارہی ہے اور آئندہ کچھ دنوں میں پاکستان میں دوبارہ سخت لاک ڈاؤن کا قوی امکان ہے۔یاد رہے کہ ہر عید پر اسٹیٹ بینک کی جانب سے نئے نوٹوں کا اجراء کیا جاتا ہے اور یہ نوٹ بچوں اور بڑوں کو عیدی دی جاتی ہے جس سے بچوں کی خوشی دیدنی ہوتی ہے تاہم گزشتہ سال کی طرح امسال بھی کورونا وائرس کی تیزی کی وجہ سے نئے نوٹ جاری نہ کرنے کے فیصلے پر نئے نوٹوں کے خواہشمند افراد نے شدید مایوسی کا اظہار کیا ہے تاہم بیشتر افراد نے اسٹیٹ بینک کے اس اقدام کو سراہا ہے۔

## رش کم کرنے کیلئے آل پاکستان انجمن تاجران کا فارمولہ

لاہور (نیوز ڈیسک) آل پاکستان انجمن تاجران (نعیم میر گروپ) کے سیکرٹری جنرل نعیم میر نے کہا ہے کہ این سی او سی کی 8 مئی تا 16 مئی تک مکمل کاروبار بند رکھنے کی تجویز پر کہا ہے کہ چھوٹا دکاندار عید پر کاروبار بند کرنے کا متحمل نہیں ہوسکتا، رمضان بازاروں کے طرز پر کھلے میدانوں اور پبلک پارکس میں عید سٹالز لگا دیئے جائیں۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ تاجروں کے ساتھ مل کر ہنگامی اقدامات کرے، ریٹیل بازار چوبیس گھنٹے کھلوائے جائیں، تاجر آف پیک آورز میں سحری تا نو بجے صبح تک 20 سے 25 فیصد ڈسکاؤنٹ آفر کردیں گے، صبح تا افطار تک بھی ڈسکاؤنٹ دیں گے، افطار تا سحری تک ہر قسم کی ڈسکاؤنٹ ختم کردیں گے، اس حکمت عملی سے مارکیٹوں میں رش تقسیم ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ٹھیلے اور اسٹالز پہلے ہی کھلی جگہوں پر لگانے سے رش مزید تقسیم ہو چکا ہوگا، انتظامیہ کو بیماری کی روک تھام کرنا ہے اور ہمیں بیماری اور بھوک دونوں سے بچنا ہے، این سی او سی قابل عمل حل دے تاکہ کوئٹہ والی صورتحال پیدا نہ ہو۔روایتی طریقوں سے ہٹ کر غیر روایتی انداز اختیار کیا جائے، اسد عمر اپنے قد کاٹھ کے مطابق فیصلے بھی کریں، ہم امید کرتے ہیں ریاست ہمارے معاشی مسائل کا ادراک کرتے ہوئے سہولت کا راستہ اختیار کرے گی۔

## سٹیزن بجٹ 22-2021 پیش کرنے کا منصوبہ بنایا ہے، وزیراعلیٰ

کراچی (بزنس ڈیسک) سندھ حکومت نے عوام دوست بجٹ کے لئے صنعتکاروں، تاجروں اور ماہرین سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت شروع کردی ہے، اس مقصد کے لئے پیر 3 مئی کو وزیراعلیٰ ہاوس میں وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورتی اجلاس منعقد کیا، اس موقع پر وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ انہوں نے 'سٹیزن بجٹ' 22-2021 پیش کرنے کا منصوبہ بنایا ہے جس کیلئے انہوں نے صنعتکاروں، تاجروں اور ماہرین زراعت سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت شروع کردی ہے۔ہم آپکے تمام اچھے مشوروں کو آئندہ بجٹ میں شامل کریں گے، اجلاس میں چیف سکریٹری سندھ ممتاز شاہ، چیئرمین منصوبہ بندی و ترقی محمد وسیم، متعلقہ سیکرٹریز، صدر کے سی سی آئی شارق وہرہ، صدر سائٹ ایسوسی ایشن کراچی عبدالہادی، صدر لانڈھی، صدر ایف بی ایریا ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری محمد علی، صدر سائٹ سپر ہائی وے نثار احمد، صدر بن قاسم ایسوسی ایشن میاں احمد و دیگر نے شرکت کی۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229


## درآمدات پر مال برداری اخراجات میں 15 فیصد اضافہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) رواں مالی سال کی پہلی تین سہ ماہیوں کے دوران ملکی درآمدات پر مال برداری کے اخراجات میں 15 فیصد اضافہ ہوا۔اسٹیٹ بینک کے مطابق جولائی تا مارچ ملکی درآمدات پر مال برداری کے اخراجات کا حجم 988.67 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا۔مارچ 2021 میں ملکی درآمدات پر مال برداری کے اخراجات کی مد میں 138.77 ملین ڈالر کا زرمبادلہ صرف کیا گیا۔

## FBR، مالی سال کے پہلے 10 ماہ کا ٹیکس ریونیو ہدف سے زیادہ جمع

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایف بی آر نے رواں مالی سال کے پہلے 10 ماہ کے دوران ٹیکس ریونیو ہدف سے زیادہ حاصل کرلیا ہے۔ذرائع کے مطابق ایف بی آر نے 10 ماہ میں 3790 ارب روپے کا ٹیکس ریونیو جمع کیا اور آئندہ دو ماہ میں 4693 ارب روپے کے ہدف کے حصول کے لیے مزید 903 ارب روپے جمع کرنا ہونگے۔ایف بی آر نے ماہ اپریل کا ٹیکس ریونیو ہدف بھی حاصل کرلیا ہے، ماہ اپریل کا ٹیکس ہدف 350 ارب روپے کے مقابلے میں 380 ارب روپے جمع کیے گئے، ان اعداد و شمار میں بک ایڈجسٹمنٹ کے بعد مزید اضافے کا امکان ہے۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34    23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# مقامی ڈپلیکس بورڈ، نیوز پرنٹ ریلز، بلیچ بورڈ، آفسیٹ آئی کے اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ، اسٹیکر پیپر میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں تیزی کا رجحان جاری ہے، 5 مئی کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں رشین نیوز پرنٹ ریلز ، فوٹو کاپی پیپر ، مقامی ڈپلیکس بورڈ ٹاپ رائیڈر ، بلیچ بورڈ اور آفسیٹ پیپر آئی کے کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ۔جبکہ اسٹیکر پیپر میں کمی دیکھنے میں آئی۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردو بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ رہی کہ مقامی ڈپلیکس بورڈ ٹاپ رائیڈر تمام سائز 300-250 گرام ، 103 روپے سے بڑھ کر 113 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔تمام سائز 350 گرام، 103 روپے سے بڑھ کر 113 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔بلیچ بورڈ ریل تمام سائز تمام گرام 280 روپے سے بڑھ کر 285 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔بلیچ بورڈ چینمنگ تمام سائز تمام گرام 277 روپے سے بڑھ کر 285 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔امپورٹڈ آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 212 روپے سے بڑھ کر 215 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔رشین نیوز پرنٹ ریلز سائز 24.85 انچ 42 ، گرام، 115 روپے سے بڑھ 120 روپے، سائز 26.75 انچ، 42 گرام، 115 روپے سے بڑھ کر 120 روپے، سائز 23 انچ، 42 گرام، 115 روپے سے بڑھ کر 120 روپے، سائز 30 انچ، 42 گرام، 115 روپے سے بڑھ کر 120 روپے، سائز 33 انچ، 42 گرام ، 115 روپے سے بڑھ کر 120 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ایچ پی برائٹ ریلز تمام سائز 52 گرام، 130 روپے سے بڑھ کر 135 روپے، تمام سائز 55 گرام، 130 روپے سے بڑھ کر 135 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، پی پی سی براؤن 70 گرام ، 480 روپے سے بڑھ کر 485 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی F4B ـ 70 گرام، 610 روپے سے کم ہو کر 605 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔بی ایل سی 70 گرام، 490 روپے سے بڑھ کر 495 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔بی ایل سی 80 گرام، 580 روپے سے بڑھ کر 590 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آئی کے کاپی لوگو 70 گرام ، 495 روپے سے بڑھ کر 500 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز 2275 روپے سے کم ہوکر 2200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز، 2275 روپے سے کم ہو کر 2250 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2275 روپے سے کم ہوکر 2250 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## تاجروں کے مسائل حل کرنے میں تعاون کرونگا، چیئرمین سینیٹ کی فیڈریشن کو یقین دہانی

کراچی (نیوز ڈیسک) چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے ایف پی سی سی آئی کو تاجر و صنعتکاروں کے مسائل حل کرنے میں تعاون کی یقین دہانی کرادی ،چیئرمین سینیٹ نے اپنی سرکاری رہائش گاہ پر ایف پی سی سی آئی کے وفد کے اعزاز میں افطار ڈنر کی میزبانی کی اور تاجر برادری کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ایف پی سی سی آئی کے صدر میاں ناصر حیات مگوں نے صادق سنجرانی سے ملاقات کی، وفد میں سینئر عہدیداران اور تجارتی، صنعتی اور تجارتی برادری کے سینئر نمائندے شامل تھے۔ صادق سنجرانی اور ایف پی سی سی آئی کے وفد نے میاں ناصر حیات مگوں کی سربراہی میں کاروباری ماحول سے متعلق امور پر تبادلہ خیال اور پاکستان کی معاشی نمو میں رکاوٹ بننے والے معاملات کی نشاندہی کی۔ وفد نے چیئرمین سینیٹ کو معاشی، صنعتی، مالیاتی، توانائی، ٹیکس لگانے ، کاروبار میں آسانی اور پاکستان کی تجارتی پالیسیوں سے متعلق ان کے خدشات اور تجاویز سے آگاہ کیا۔چیئرمین سینیٹ نے وفد کو اپنی مکمل حمایت کا یقین دلاتے ہوئے وعدہ کیا کہ وہ نہ صرف وزیراعظم عمران خان کو ان مسائل سے آگاہ کریں گے بلکہ ان سے ان مسائل کے حل کی درخواست بھی کریں گے۔

## خودکار کنسائمنٹس اسکیننگ کا نظام متعارف

